## سوال

کیا رمضان میں مرنے والا بلا تاخیر جنت میں جاتا ہے ؟

## جواب

کیا رمضان میں مرنے والا بلا تاخیر جنت میں جاتا ہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا رمضان میں مرنے والا بلا تاخیر جنت میں جاتا ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جنت اور دوزخ کے معاملے میں اللہ تعالیٰ نے ایک واضع معیار بیان کر دیا ہے اور وہ یہ کہ آپ ایمان والے ہوں، آپ اچھا عمل کرنے والے ہوں، آپکا روزِ آخرت پر ایمان ہو، اب اس معیار پر جو پورا اترے گا وہ جنت میں جائے گا، جو اس پر پورا نہیں اترتا اسکے لئے رمضان کا مہینہ کچھ نہیں کرسکتا، یہ مہینے تو اللہ تعالیٰ نے اس لئے مقرر کئے ہیں تاکہ آپ ان میں اچھے عمل کرکے خود کو جنت کا مستحق بنالیں۔ حساب وکتاب کے بغیر صرف وہی لوگ جنت میں جائیں گے، جن کا تذکرہ اس حدیث مبارکہ میں کیا گیا ہے۔ « ہم الذین لا یسترقون، ولا یکتوون، ولا یتطیرون، وعلی ربہم یتوکلون » جو دم نہیں کرواتے، داغ نہیں لگواتے، بدفالی نہیں لیتے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ. فتاوی إسلامیۃ" (2/162)) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی